تعلیمات کی غلط توجیہ وتشریح کی گئی ہے۔''

حالانکہ عوام الناس، سماجی حلقوں اور مذہبی جماعتوں نے ہمیشہ اس کا خیر مقدم کیا ہے، ملک میں مٹھی بھر مغرب نواز طبقہ اور مغربی امداد سے چلنے والی این جی اوز ہی اس کی مخالف رہی ہیں۔ یہ قوانین اسلامی نظریاتی کونسل جیسے معتبر ادارے کے زیر نگرانی مرتب کئے گئے ہیں، اور نامور علما اور دانشوروں کی شبانہ روز جدوجہد کا نتیجہ ہیں۔ عوام سے رائے لے کر اُنہیں نافذ کیا گیا اور متعدد بار اسلامی نظریاتی کونسل حدود قوانین کو عین اسلامی قرار دے چکی ہے، علماے دین اور مذہبی جماعتوں کا موقف بھی یہی رہا ہے، جیسا کہ مجلس عمل نے اپنے حالیہ اجلاس میں بھی اسی عزم کو دہرایا ہے۔ (اجلاس: منعقدہ اسلام آباد، مؤرخہ ۱۲ر جون)

◉ جنگ اور جیو کمرشل ذرائع ابلاغ ہیں، ماضی میں ایسا اتفاق کبھی نہیں ہوا کہ بہبودِ عامہ کے لئے ان کے کئی مکمل صفحات اور بیسیوں اشتہار مختص کردیے گئے ہوں۔ ایک پروگرام کو دن میں کئی کئی بار دکھایا جاتا ہو، ان کے لئے ویب سائٹیں بنائی جائے اور ان کے بڑے بڑے بورڈ چوراہوں پر لگائے جائیں۔ غور طلب امر یہ ہے کہ اس تمام تر مہم میں لگایا جانے والا کروڑوں روپیہ کہاں سے فراہم ہوا اور اس کے پس پردہ کیا مقاصد کارفرما ہیں؟

یہ سلگتے سوالات ہر غور وفکر کرنے والے شخص کے ذہن میں ہیں اور اپنا جواب مانگتے ہیں!!

جامعہ لاہور الاسلامیہ (رحمانیہ) کے فضلاء کرام توجہ فرمائیں

جامعہ رحمانیہ لاہور تعلیمی میدان میں ۳۵ برس سے خدمات انجام دے رہا ہے، اس عرصہ میں سینکڑوں طلبہ جامعہ کے مختلف شعبہ جات سے تعلیمی مراحل مکمل کرچکے ہیں۔ ان تمام فضلاء جامعہ پر مشتمل مجلس فضلاء جامعہ لاہور الاسلامیہ' کا قیام ستمبر ۲۰۰۵ء میں عمل میں آیا ہے۔ جامعہ ہذا کے فاضل طلبہ سے گذارش ہے کہ

◉ اپنا مکمل پتہ اور فون نمبر دفتر جامعہ میں [illegible] کی جاسکے ماہنامہ محدث کی [illegible] جاسکے۔ ◉ جامعہ [illegible] سے فارغ ہیں وہ اپنے کوائف ارسال کریں تاکہ ملازمت کے سلسلے میں ان کی رہنمائی اور مدد کی جاسکے۔

☜ علاوہ ازیں ملک بھر میں جہاں دینی تعلیم یافتہ ماہرین کی ضرورت ہے، وہ قابل افراد (محقق، مدرّس، قاری، امام اور خطیب وغیرہ) کے لئے دفتر جامعہ میں رابطہ کریں۔

دفتر جامعہ: 91 بابر بلاک نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور فون 5837339 محمد ابراہیم شاہین موبائل: 0300-4889813